سوال

(389)جنازہ پڑھاتے وقت میت کے نام کا اعلان کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کا جنازہ پڑھاتے وقت میت کے نام کا اعلان کرنا کیسا ہے، وہ مرد ہو یا عورت جبکہ مجمع زیادہ ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔تاکہ لوگ دعا میں مرد کےلیے مذکر صیغے اور عورت کےلیے مونث صیغے پڑھ سکیں۔ اگر یہ اعلان نہ بھی کیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ اور جنازہ پڑھنے والوں کو حاضر میت کی نیت سے دعا پڑھنی چاہیۓ، اوران کی نماز بالکل صحیح ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 328

محدث فتویٰ